# حفاظتی تدابیر

اپنی حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

- اس مینوئل میں واضح کردہ تمام روزمرہ اور وقفہ جاتی معائنے ضرور کروائیں۔
- فیول ٹینک بھروانے سے قبل انجن کو بند کردیں۔ چنگاری اور شعلے کو دور رکھیں۔
- بند جگہ یا جزوی بند جگہ میں انجن نہ چلائیں۔ انجن سے خارج ہونے والی گیسوں میں سے کاربن مونو آکسائڈ، ایک زہریلی گیس ہے جو آپ کی جان لے سکتی ہے۔

## ہمیشہ ہیلمٹ پہنیں

یہ حقیقت ثابت شدہ ہے کہ ہیلمٹ اور دیگر حفاظتی کپڑے واضح طور پر سر اور جسم کے دیگر حصوں کا تحفظ کرتے ہیں۔ اس لیے موٹر سائیکل چلاتے وقت ہمیشہ منظور شدہ ہیلمٹ اور حفاظتی کپڑے پہنیں۔

## سواری سے قبل

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جسمانی طور پر بالکل تندرست ہیں، آپ ذہنی طور پر سواری پر توجہ مرکوز کر سکتے ہیں اور آپ نے نشہ آور یا ممنوع ادویات استعمال نہیں کر رکھی ہیں۔ یہ بھی خیال رکھیں کہ آپ اور آپ کے ساتھ موجود دوسرے فرد نے منظور شدہ ہیلمٹ اور حفاظتی کپڑے پہن رکھے ہیں۔ اپنے ساتھ سواری کرنے والے کو ہدایت دیں کہ وہ گریب ریل یا آپ کی کمر کو پکڑے رکھے اور ساتھ ہی اپنے پاؤں بھی فٹ ریسٹ پر رکھے، خواہ موٹر سائیکل رکی ہوئی ہو۔

## اپنے دفاع کے نقطہ نظر سے موٹر سائیکل چلائیں

ہمیشہ اپنے اردگرد موجود گاڑیوں پر توجہ دیں اور خود سے یہ نہ سوچیں کہ دیگر ڈرائیورز آپ کو دیکھ رہے ہوں گے۔ ہمیشہ موٹر سائیکل کو جلدی سے روک لینے کے لیے تیار رہیں۔

## سیکھنے میں وقت لگائیں

اگرچہ آپ پہلے بھی موٹر سائیکل چلا چکے ہیں لیکن پھر بھی نئی موٹر سائیکل کسی محفوظ اور کھلی جگہ پر چلائیں تا کہ آپ کو اس کے وزن اور موٹر سائیکل سنبھالنے سے متعلق مکمل طور پر اندازہ ہو سکے۔

Atlas Honda

## خودکو باآسانی نظر آجانے کے قابل بنائیں

ایسا ممکن بنائیں کہ لوگ آپ کو باآسانی دیکھ سکیں، خاص طور پر رات کے وقت ۔ ایسا کرنے کے لیے شوخ اور روشنی منعکس (ریفلیکٹ) کرنے والے کپڑے پہنیں ۔ اپنی پوزیشن ایسی رکھیں کہ دوسرے ڈرائیورز آپ کو باآسانی دیکھ سکیں۔ مڑنے یا لین تبدیل کرنے سے قبل سگنل دیں اور جہاں ضرورت ہو، ہارن کا استعمال کریں۔

## اپنی حدود میں رہتے ہوئے چلائیں

اتنی تیز موٹرسائیکل نہ چلائیں جس کی آپ صلاحیت نہیں رکھتے یا سڑک اجازت نہیں دیتی۔ ہیجان اور عدم توجہ کے سبب آپ کی اندازہ کرنے اور محفوظ سواری کرنے کی صلاحیتیں متاثر ہوسکتی ہیں۔

## اپنی ہنڈا موٹرسائیکل کو محفوظ حالت میں رکھیں

یہ نہایت اہم ہے کہ آپ اپنی موٹرسائیکل کی باقائدہ دیکھ بھال کریں اور سواری کے لیے محفوظ حالت میں رکھیں۔ ہر بار سواری سے قبل اپنی موٹرسائیکل کا معائنہ کریں اور دیکھ بھال کے لیے تمام تجویز کردہ امور کا جائزہ لیں۔ مقررہ وزن کی حد کبھی تجاوز نہیں کریں، اپنی موٹرسائیکل میں تبدیلی نہ کریں اور اضافی اشیاء نہ لگائیں جس کی وجہ سے موٹرسائیکل غیر محفوظ ہوجائے ۔

## اگر آپ کسی حادثے میں شامل ہوں

اپنی حفاظت آپ کی پہلی ترجیح ہونی چاہئے۔ اگر آپ یا کوئی اور زخمی ہوجاتا ہے تو پہلے زخم کی شدت کا معائنہ کرنے میں وقت لگائیں اور پھر سواری جاری رکھنے کا فیصلہ کریں۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو ہنگامی صورتحال میں مدد کے لیے کال کریں۔ اگر کوئی اور شخص یا گاڑی حادثے میں ملوث ہو تو تمام لاگو قوائد وضوابط پر عمل کریں۔

Atlas Honda

اگر آپ نے سواری جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے تو سب سے پہلے اگنیشن کو بند (off) پوزیشن پر لائیں، اور موٹر سائیکل کی حالت کا جائزہ لیں۔ کسی قسم کے رساؤ، اہم نٹس اور بولٹس، ہینڈل بار، کنٹرول لیورز، بریکس اور پہیوں کا اچھی طرح سے معائنہ کریں پھر احتیاط اور آہستگی سے چلائیں۔

آپ کی موٹر سائیکل کو ایسے نقصانات پہنچ سکتے ہیں جو فوراً ہی ظاہر نہیں ہوتے۔ جتنا جلد ممکن ہو سکے اپنی موٹر سائیکل کا معائنہ ہنڈا ڈیلر سے کروائیں۔

## کاربن مونو آکسائیڈ کا خطرہ

انجن سے خارج ہونے والا دھواں زہریلی کاربن مونو آکسائیڈ پر مشتمل ہوتا ہے، یہ بے رنگ اور بغیر بو کی گیس ہے۔ کاربن مونو آکسائیڈ سانس کے ذریعے جسم میں داخل ہونے سے بے ہوش ہو جانے یا جان جانے کا سبب بن سکتی ہے۔

اگر آپ بند جگہ یا جزوی بند جگہ پر انجن چلاتے ہیں اور وہاں سانس لیتے ہیں تو آپ کی سانس میں کاربن مونو آکسائیڈ کی خطرناک تعداد شامل ہو سکتی ہے۔

اپنی موٹر سائیکل کبھی بھی گیراج یا دیگر بند جگہ پر نہ چلائیں۔

### ⚠ تنبیہہ

بند یا جزوی بند جگہ پر موٹر سائیکل کا انجن چلانا کاربن مونو آکسائیڈ کے تیزی سے پیدا اور جمع ہونے کا سبب بن سکتا ہے۔

اس بے رنگ، بغیر بو والی گیس کو سانس کے ذریعے اندر داخل ہونے سے فوری بے ہوشی کا سبب بن سکتا ہے جس سے جان بھی جا سکتی ہے۔

اپنی موٹر سائیکل کا انجن صرف اس وقت اسٹارٹ کریں جب آپ کی موٹر سائیکل کسی ایسے مقام پر ہو جہاں ہوا کی آمد و رفت اچھی ہو۔

Atlas Honda

# سواری سے قبل معائنہ

موٹرسائیکل کی سواری سے لطف اندوز ہونے اور کسی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کیلئے سواری سے قبل معائنہ ضروری ہے۔ یہ یقین حاصل کرنے کیلئے کہ آپ کی موٹرسائیکل مکمل طور پر درست حالت میں ہے، ہمیشہ سواری سے قبل معائنہ کریں۔

پیٹرول: پیٹرول کی مقدار چیک کریں۔

انجن آئل: انجن آئل کا لیول اور حالت چیک کریں۔

ٹائرز: ٹائروں کا پریشر اور ظاہری حالت چیک کریں۔

ڈرائیو چین: ڈھیلاپن/تناؤ اور خشک پن چیک کریں۔

بریکس: اگلی اور پچھلی بریکس کی فری پلے چیک کریں۔

کلچ: کلچ کی فری پلے چیک کریں۔

مررز: پیچھے دیکھنے کے لیے آئینہ کو صحیح پوزیشن پر ایڈجسٹ کریں۔

لائٹس: تمام لائٹس کی کارکردگی چیک کریں۔

نوٹ: تمام کیبلز کی ظاہری حالت اور کارکردگی چیک کریں، اگر ضروری ہو تو آئل لگائیں یا تبدیل کریں۔

**موٹرسائیکل سواری کے دوران موبائل فون استعمال نہ کریں۔**

# حفاظتی لباس

### ہیلمٹ

حفاظتی لباس میں ہیلمٹ سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ یہ سوار کو بیرونی اثرات سے بچاتا ہے اور حادثہ کی صورت میں سر اور چہرے کو شدید چوٹ سے محفوظ رکھتا ہے۔

### گاگلز (چشمہ)

سواری کے دوران آنکھوں کو بیرونی عوامل (دھول، حشرات اور دھوپ وغیرہ) سے محفوظ رکھنے کیلئے گاگلز استعمال کریں۔

### جیکٹ، پتلون

موٹرسائیکل سواری کیلئے ڈھیلے ڈھالے لباس کے مقابلے میں چست لباس نسبتاً زیادہ محفوظ ہوتا ہے۔ بہتر ہوگا کہ پوری آستین کی قمیض اور تنگ پائنچے کی پتلون استعمال کریں۔

علاوہ ازیں شوخ رنگ کا لباس استعمال کریں۔

### گلوز (دستانے)

سواری کے دوران پسینے کی وجہ سے ہینڈل پر گرفت کمزور ہوجاتی ہے اس کے علاوہ حادثہ کی صورت میں سوار کا ہاتھ سڑک پر گرنے کی وجہ سے زخمی ہوسکتا ہے لہٰذا محفوظ سواری کے لیے گلوز استعمال کریں۔

### جوتے

اونچی ایڑھی اور بغیر تسموں والے جوتے سواری کیلئے بہتر ہیں جو کہ سوار کو اپنا بیلنس بہتر رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔

**ہیلمٹ اور صحیح لباس پہنیں۔ سیفٹی رائیڈنگ کے طریقے سیکھیں اور محفوظ سواری کا لطف اٹھائیں۔**

Atlas Honda

# موٹر سائیکل پر سواری کا انداز

## محفوظ سواری کیلئے ان سات نکات پر عمل کریں

آنکھیں: نگاہ سامنے کی طرف پھیلاؤ میں رکھیں۔

کندھے: کندھے نارمل حالت میں رکھیں اور ان میں تناؤ پیدا نہ کریں۔

کہنیاں: کہنیوں میں خم کو قدرتی انداز میں رکھیں۔

ہاتھ: ہینڈل گرپ کو درمیان سے ہلکی قوت سے پکڑیں اور کلائی کا زاویہ 120 پر رکھیں۔

کولہے: سیٹ پر اس طرح بیٹھیں کہ دونوں ہاتھ ہینڈل پر آسانی سے پہنچ سکیں۔

گھٹنے: دونوں گھٹنوں سے فیول ٹینک کو ہلکے سے دباؤ میں رکھیں۔

پاؤں: پاؤں سیدھے ہونے چاہئیں۔ جوتے کی ایڑھی کو فٹ ریسٹ کے پیچھے اور ملا کر رکھیں۔

مزید معلومات کے لیے اٹلس ہنڈا کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

# بریکس کا استعمال

موٹر سائیکل میں 3 بریکس کام کرتی ہیں، جن کے صحیح طریقہ استعمال سے آپ با حفاظت اپنے ٹارگٹ پر رک سکتے ہیں۔

1 اگلی بریک 2 پچھلی بریک 3 انجن بریک

## بریک لگانے کا صحیح طریقہ

ایکسیلیٹر کم کریں، اگلی بریک کو آہستہ سے دبائیں۔ جہاں یہ بریک کام کرنا شروع کرے وہیں سے پچھلی بریک کے پیڈل کو دبائیں اور ساتھ ہی اگلی بریک کے لیور پر اپنا دباؤ بڑھا دیں (موٹر سائیکل کو روکنے میں اگلی بریک 60% جبکہ پچھلی بریک 40% کام کرتی ہے)۔ کلچ ہرگز نہ دبائیں کیونکہ انجن بریک بھی موٹر سائیکل کو روکنے میں مدد کرتی ہے۔ اگر آپ کلچ دبا کر بریکس لگائیں گے تو انجن کی بریک ختم ہو جائے گی اور موٹر سائیکل رکنے کا فاصلہ بڑھ جائے گا۔ جب موٹر سائیکل مکمل رکنے کے قریب ہو یا انجن بند ہونے لگے تو پھر کلچ کو دبائیں۔

**ہمیں امید ہے کہ ان ہدایات پر عمل کرتے ہوئے آپ محفوظ سواری سے لطف اندوز ہوں گے۔**

www.atlashonda.com.pk

Atlas Honda